بھوٹان کے وزیر اعظم ہندوستان کے سرکاری دورے پر (مارچ 14-18, 2024)

13 مارچ، 2024

بھوٹان کے وزیر اعظم عزت مآب جناب ڈیشو شیرنگ ٹوبگے ہندوستانی وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر مورخہ 14 مارچ سے 18 مارچ تک ہندوستان کے سرکاری دورے پر تشریف لائینگے۔ آئندہ دورہ وزیر اعظم شیرنگ ٹوبگے کا جنوری 2024 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلا غیر ملکی دورہ ہوگا۔ بھوٹان کے وزیر اعظم کے ہمراہ وزیر خارجہ اور بیرونی تجارت، توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر، صنعت، تجارت اور روزگار کے وزیر اور بھوٹان کی شاہی حکومت کے سینئر حکام بھی تشریف لائیں گے۔

2۔ اس دورے کے دوران بھوٹان کے وزیر اعظم ہندوستانی صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو سے بھی ملاقات کریں گے اس کے علاوہ ہندوستان کے وزیر اعظم کے ساتھ باہمی ملاقات اور بات چیت کریں گے۔ وزیر خارجہ اور دیگر ہندوستانی معززین بھوٹان کے وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔ وزیر اعظم شیرنگ ٹوبگے اپنے دورے کے دوران ممبئی بھی جائیں گے۔

3۔ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان ہر سطح پر اعتماد، خیرسگالی اور باہمی افہام و تفہیم پر مبنی دوستی اور باہمی تعاون والی مثالی تعلقات رہے ہیں۔ بھوٹان کے وزیر اعظم کا دورہ دونوں فریقین کو ہماری منفرد شراکت داری میں پیش رفت کا جائزہ لینے اور ہندوستان اور بھوٹان کے مابین دوستی اور تعاون کے پائیدار تعلقات کو وسعت دینے کے طریقوں اور وسائل پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

نئی دہلی
13 مارچ 2024